38044 ـ شعبان کورمضان سے ملانا

سوال

اللہ تعالی مجھے معاف فرمائے ، میں نے سگرٹ نوشی ترک کردی ہے اورسات رجب سے شعبان کے آخر تک روزے رکھتا رہا ہوں ، اورپھررمضان اورشعبان میں فرق بھی نہیں کیا کیونکہ اس میں بہت سے مختلف فتوی پائے جاتے ہیں ، آپ اس کی وضاحت فرمائیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اس اللہ سبحانہ وتعالی کا شکر اورتعریف ہے جس نے آپ کو یہ حرام کام ترک کرنے کی توفیق عطا فرمائی ہے ، ہم اللہ تعالی سے دعا گوہیں کہ وہ ہمیں اورآپ کو موت تک اپنے دین پر ثابت قدمی عطا فرمائے ، آمین ۔

آپ کا روزوں میں شعبان اوررمضان کوایک ساتھ ملانا جائز تھا ، اورآپ نے اس فعل سے سنت پر عمل کیا ہے ۔

آپ اس کی مزید تفصیل کے لیے سوال نمبر (13726) اور(26850) کے جواب کا مطالعہ کریں ۔

واللہ اعلم .